2025-04-19

Hrs08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

-----------------------------------------------------------

1- وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت کی دفاعی برآمدات، 2030 تک 50 ہزار کروڑ روپے مالیت تک پہنچ جائیں گی۔

2- الیکٹرانکس اور IT کے وزیر اشونی ویشنو نے بتایا ہے کہ الیکٹرانکس برآمدات پچھلے 10 سال میں 6 گُنا ہو کر، 3 لاکھ 25 ہزار کروڑ روپے کی سطح پر پہنچ گئی ہیں۔

3- زراعت کے وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ خوراک، سب کے لیے یقینی بنانے کے عالمی مقاصد، اُس وقت حاصل نہیں ہوں گے، جب تک چھوٹے کسانوں کو تحفظ فراہم نہیں کیا جاتا۔

4- امریکہ اور اٹلی نے، بھارت-مشرقِ وسطیٰ-یوروپ اقتصادی راہداری کو، اِس صدی کے سب سے بڑے اقتصادی رابطے کے پروجیکٹوں میں سے ایک قرار دیتے ہوئے، اِس کی تعریف کی ہے۔

5- مشترکہ داخلہ امتحان Main کے دوسرے سیشن کے نتائج کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ 24 طلبا نے مکمل 100 نمبر حاصل کیے ہیں۔

6- اور ہمانشو جاکھڑ نے سعودی عرب میں، نیزہ پھینکنے کے مقابلے میں 18 سال سے کم عمر کی ایشین ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میں، ملک کا اب تک کا پہلا سونے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔

اب خبریں تفصیل سے۔

Rajnath Defence Exports

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے اعتماد کا اظہار کیا ہے کہ 2030 تک بھارت کی دفاعی ساز و سامان کی درآمدات 50 ہزار کروڑ روپے مالیت کی ہوجائے گی۔ جناب راجناتھ کل مہاراشٹر کے چھترپتی سمبھاجی نگر میں قائم چیمبر آف مراٹھواڑہ انڈسٹرز اینڈ ایگریکلچر CMIA کے زیر اہتمام تبادلہئ خیال کے ایک اجلاس مراٹھواڑہ-آتم نربھر بھارت کی رکشا بھومی کے موضوع پر اظہار خیال کر رہے تھی۔

مودی سرکار کی حصولیابیوں کو اُجاگر کرتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ موجودہ سرکار کے دورِ حکومت میں دفاعی ساز و سامان کی برآمدات میں 40 گنا کا زبردست اضافہ ہوا ہے۔

S/B - Rajnath on Defence Experts

راجستھان کے گورنر ہری بھاؤ باگڑے اور مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ دویندر فڑنویس بھی اس موقع پر موجود تھے۔

جناب فڑنویس نے مطلع کیا کہ دلّی ممبئی صنعتی راہداری کی توسیع کاری کے لیے 8 ہزار ایکڑ اضافی زمین حاصل کی جائے گی۔ فی الوقت یہ راہداری 10 ہزار ایکڑ زمین پر مشتمل ہے۔×

Vaishnaw Electronics

الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ پچھلے 10 سال میں الیکٹرانک سامان کی مینوفیکچرنگ میں 5 گُنا اضافہ ہوا ہے۔

ہریانہ کے شہر گروگرام میں مانیسر کے مقام پر نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے جناب ویشنو نے کہا کہ الیکٹرانکس کے سامان کی تیاری میں بڑے پیمانے پر یہ اضافہ، میک اِن انڈیا اقدام کے سبب ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ الیکٹرانکس کی برآمدات میں بھی پچھلے 10 سال میں 6 گنا اضافہ ہوا ہے اور یہ 3 لاکھ 25 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کی ہو گئی ہیں۔

S/B - Ashwini Vaishnaw

وزیر موصوف نے یہ بھی کہا کہ حکومت نے، حال ہی میں الیکٹرانک کَل پرزوں کی تیاری کی اسکیم کو بھی منظوری دی ہے، جس سے الیکٹرانک سامان کی تیاری کے ایکو نظام میں، اور زیادہ گہرائی پیدا ہوگی اور روزگار کے مزید موقع پیدا ہوں گے۔

جناب ویشنو نے کہا کہ بھارت کے الیکٹرانک سامان کی بہتر ہوتی ہوئی کوالٹی اور مضبوط تر دانشورانہ املاک کے تحفظات کے سبب، بھارت کی مینوفیکچرنگ پر، دنیا کے اعتماد میں اضافہ ہوا ہے۔×

Telengana AI Date Centre

جاپان میں قائم عالمی ڈجیٹل ٹرانسفارمیشن اور IT خدمات کی کمپنیNTT Data ، کلاؤڈ پلیٹ فارم کمپنی Neysa نیٹ ورکس اور تلنگانہ سرکار نے حیدرآباد میں آرٹیفیشیل انٹلی جنیس ڈیٹا سینٹر کلسٹر قائم کرنے کے ایک سمجھوتے پر دستخط کیے ہیں۔ اس پراجکٹ پر 10 ہزار 5 سو کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کی جائے گی۔

کل جاپان میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کے دوران وزیراعلیٰ اے رِوینتھ ریڈّی کی موجودگی میں اس معاہدے پر دستخط کیے گئے۔ ایک سرکاری بیان کے مطابق حیدرآباد میں قائم ہونے والا یہ مرکز 400 میگاواٹ ڈیٹا سینٹر کلسٹر سے آراستہ ہوگا جو25 ہزار گرافکس پروسیسنگ یونٹوں کے ساتھ ملک کا سب سے زیادہ طاقتور AI سپر کمپیوٹنگ بنیادی ڈھانچہ تیار کرنے کے مقصد سے ڈیزائن کیا گیا ہے۔x

BRICS Agri Ministers Meet

بھارت نے، BRICSوزرائے زراعت کی 15 ویں میٹنگ میں، سب کی شمولیت والی، مساویانہ اور پائیدار زراعت کے اپنے عزم کو دوہرایا ہے۔

کل برازیل میں منعقدہ اِس میٹنگ میں، زراعت کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا کہ خوراک کو سبھی کے لیے یقینی بنانے کے عالمی مقاصد اُس وقت تک پورے نہیں ہو سکیں گے، جب تک چھوٹے کسانوں کو تحفظ فراہم نہیں کیا جاتا اور اُنہیں بااختیار نہیں بنایا جاتا۔ انہوں نے خاص طور پر کہا کہ بھارت کے لیے زراعت محض کوئی اقتصادی سرگرمی نہیں ہے، بلکہ لاکھوں کنبوں کی گزر بسر، خوراک اور وقار کا وسیلہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کے 51 کروڑ چھوٹے کسان، خوراک کے عالمی نظام کی طاقت ہیں اور اُنہیں آب و ہوا کی تبدیلی،

قیمتوں کے اُتار چڑھاؤ اور وسائل کی قلت کی صورت میں، سب سے زیادہ پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

S/B - Shivraj Singh Chouhan

میٹنگ کی دوران BRICS کے وزرائے زراعت نے، BRICSکی، زمین کو بحال کرنے سے متعلق شراکت داری کا آغاز کیا، تاکہ زمین ومٹّی کی زرخیزی میں آتی ہوئی کمی، جنگلات میں کی جانے والی کمی کے مسائل سے نمٹا جا سکے۔

BRICSملکوں نے ایک مشترکہ اعلامیے میں، زراعت اور خوراک کے عالمی نظام کو شفاف، سب کی شمولیت والا، اختراعی اور پائیدار بنانے کے اپنے اجتماعی عزم کو دوہرایا۔x

Chhattisgrah Naxal Free Panchayat۔

چھتیس گڑھ میں سکما ضلع کے Bade Satti گاؤں کی گرام پنچایت، بستر ڈویژن کی پہلی نکسل سے پاک پنچایت بن گئی ہے۔ اس گاؤں میں سرگرم گیارہ ماؤنوازوں نے کل سکما میں پولیس سپرینٹنڈینٹ کے سامنے خود سپردگی کردی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C Vikalp

چھتیس گڑھ، وزیر داخلہ امت شاہ کے اس عزم کو پورا کرے کی طرف سے تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے کہ ملک کو مارچ 2026تک نکسل مسئلے سے پاک بنا دیا جائے گا۔

چھتیس گڑھ سرکار نے حال ہی میں Ilvad پنچایت یوجنا کا آغاز کیا تھا۔ اس اسکیم کے تحت ایسی گرام پنچایتیں جن میں تمام نکسلی، اپنی سرگرمیوں کو ترک کردیں اور سماج کے اصل دھارے میں واپس آجائیں۔ انھیں نکسل مسئلے سے پاک گرام قرار دیا جائے گا۔ ایسی گرام پنچایتوں کے تعمیراتی کاموں کے لیے ایک کروڑ روپے کی رقم فوری طور پر منظور کیے جانے کا بھی التزام ہے۔ کل سکما ضلع کے Bade Satti گاؤں کے 11 سرگرم ماؤنوازوں نے خود سپردگی کی۔

ان پر ساڑھے آٹھ لاکھ روپے کا انعام تھا۔ خود سپردگی کے بعد ان میں سے ہر ایک کو ریاستی سرکار کی باز آباکاری کی اسکیم کے تحت ترغیبی طور پر 50 ہزار روپے دیے گئے ہیں۔

رائے پور سے وکلپ شکلا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں اسلم بیگ

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

US Italy IMEC

امریکہ اور اٹلی نے، بھارت-مشرق وسطیٰ-یوروپ اقتصادی راہداری کی تعریف کرتے ہوئے اسے، اس صدی کے سب سے بڑے اقتصادی رابطہ پروجیکٹوں میں سے ایک قرار دیا ہے۔

انہوں نے ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ اِس راہداری سے، شراکت دار ایک دوسرے سے مربوط ہوں گے، اقتصادی ترقی کو بڑھاوا ملے گا اور بھارت سے خلیج، اسرائیل، اٹلی اور اُس سے آگے امریکہ تک، رابطہ قائم ہوگا۔

واشنگٹن میں، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور اٹلی کی وزیر اعظم جارجیہ میلونی کی پہلی باقاعدہ میٹنگ کے انعقاد کے بعد، رہنماؤں کا ایک مشترکہ بیان جاری کیا گیا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ امریکہ اور اٹلی، اِس بھارت-مشرقِ وسطیٰ-یوروپ اقتصادی راہداری کو مل کر تیار کریں گے، جو شراکت داروں کو بندرگاہوں، ریلویز اور زیر سمندر Cables سے جوڑے گی، جس سے اقتصادی ترقی میں اضافہ ہوگا۔

9 ستمبر 2023 کو نئی دلّی میں منعقدہ G20 سربراہ کانفرنس میں، بھارت، یوروپی یونین، فرانس، جرمنی، اٹلی، سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور امریکہ کے مابین، ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیے گئے تھے، جس کے تحت اِس کثیر رخی رابطہ پروجیکٹ کو قطعی شکل دی گئی تھی۔×

## Govt GST UPI

حکومت نے آج کہا ہے کہ یہ جو دعوے کیے جا رہے ہیں کہ وہ، 2 ہزار روپے سے زیادہ کی رقم کے، UPIلین دین پر، GSTعائد کرنے والی ہے، پوری طرح جھوٹے، گمراہ کُن اور بے بنیاد ہیں۔

وزارتِ خزانہ نے ایک بیان میں وضاحت کی ہے کہ فی الحال ایسی کوئی تجویز، حکومت کے زیر غور نہیں ہے۔ اُس نے یہ بھی کہا ہے کہGST ، صرف کاروباریوں کی رعایتی شرح MDR جیسے چارجز پر لگائی جاتی ہے، جن کا تعلق کچھ خاص آلات کے ذریعے، رقم کی ادائیگی کرنے سے ہوتا ہے۔

وزارت نے مزید کہا ہے کہ راست ٹیکسوں کے مرکزی بورڈ CBDT نے جنوری 2020 سے، کسی شخص کی طرف سے کسی کاروباری کو یعنی P2M کی شکل میں، یو پی آئی لین دین پر سے، MDRکو ختم کر دیا گیا ہے۔×

## Rev. Jee Main Result

اس سال کے مشترکہ داخلہ امتحان (JEE) مین کے دوسرے سیشن کے نتیجے کا اعلان آج صبح کردیا گیا ہے۔

اس مرتبہ 24 طلبا نے JEE میں 2025 پیپر1، بی ای، بی ٹیک میں مکمل 100 نمبر حاصل کیے ہیں۔ Topکرنے والوں میں راجستھان سے محمد انس اور آیوش سنگھل ہیں۔ دلی سے دکشا اور ہرش جھا، مغربی بنگال سے دیودت ماجھی، مہاراشٹر سے آیوش روی چودھری ہیں۔ کٹ آف لسٹ کے ساتھ نتائج JEE مین کی ویب سائٹ Jee main.nta.nic.in پر دستیاب ہیں۔

اپریل 2025 سیشن IIکے Jee میں پیپر1 میں 9 لاکھ 92 ہزار 350 امیدوار شریک ہوئے تھے۔ ان میں 6 لاکھ 81 ہزار 871 لڑکیاں اور 3 لاکھ 10 ہزار 479 لڑکے شامل ہیں۔

NTAنے دو اور 9 اپریل کے درمیان سیشن کی انعقاد دو اور اپریل کے درمیان کیا تھا۔

## Delhi Building Collapse

دلی کے مصطفےٰ آباد علاقے میں ایک چھ منزلہ عمارت منہدم ہوگئی، جس میں چار افراد کی موت ہوگئی اور ملبے کے اندر تقریباً آٹھ سے دس افرادکے دبے ہونے کا اندیشہ ہے۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے شمال مشرقی ضلعے کے ایڈیشنل DCP سندیپ لامبا نے بتایا کہ یہ حادثہ آج رات دیر گئے تقریباً 3 بجے پیش آیا۔

ذرائع کے مطابق آفات کے بندوبست کے قومی دستے NDRF اور دلی پولیس کی ٹیمیں جائے حادثہ پرپہنچ گئی ہیں اور بچاؤ کارروائی جاری ہے۔

آگ پر قابو پانے والی 10 گاڑیاں بھی روانہ کی گئی ہیں-x

PM Speeches Book Launchؘ

’سنسکرتی کا پانچواں اَدھیائے‘ کے عنوان سے کل نئی دلّی میں ایک کتاب کا اجرا کیا گیا۔ یہ کتاب، مختلف موقعوں پر دی گئی وزیر اعظم نریندر مودی کی تقریروں کا ایک مجموعہ ہے۔ Juna Akharaکے سربراہ آچاریہ مہا منڈلیشور سوامی اَودھیشانند گری نے کتاب کا اجرا کیا۔

تقریب کی صدارت کرتے ہوئے راجیہ سبھا کے نائب چیرمین جناب ہری ونش نے ملک کی ثقافت، روایتوں، روحانی اقدار اور ثقافتی ورثے کا تحفظ کرنے کی جناب مودی کی کوششوں کی تعریف کی۔

وزیراعظم کی تقریروں میں سے ایک اہم اقتباس کو یاد کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ یہ مجموعہ ثقافت کے تحفظ اور بھارت کی لازوال روایتوں کو برقرار رکھنے کے جناب مودی کے ویژن کی عکاسی کرتا ہے-x

S/B Harivanch

Forex Reserves

بھارت کے غیر ملکی زرِ مبادلہ میں، 11 اپریل کو ختم ہونے والے ہفتے میں، ایک ارب 56 کروڑ ڈالرس کا اضافہ ہوا اور یہ 677 ارب 80 کروڑ ڈالر سے زیادہ کی سطح پر پہنچ گیا۔

بھارتیہ ریزرو بینک کی طرف سے جاری ہفتے وار ضمنی اعداد و شمار کے مطابق، پچھلے ہفتے کے دوران، غیر ملکی کرنسی کے اثاثوں میں، جو زرِ مبادلہ کے ذخیرے کا ایک بڑا حصہ ہوتے ہیں، 63 کروڑ 80 لاکھ ڈالر کا اضافہ ہوا اور یہ مجموعی طور پر اُناسی ارب 99 کروڑ ڈالر مالیت پر پہنچ گئے۔

اسی دوران بین الاقوامی مالیاتی فنڈ میں، ریزرو بینک کی پوزیشن میں 4 کروڑ 30 لاکھ ڈالر کا اضافہ ہوا اور یہ 4 ارب 50 کروڑ ڈالر کی مالیت پر پہنچ گئی، جبکہ رقم نکالنے کے خصوصی حقوق میں 60 لاکھ ڈالر کی کمی آئی اور یہ 18 ارب 35کروڑ ڈالر کی رہ گئی۔x

India Space Mission

ملک، اپنے خلائی سفر میں ایک تاریخ رقم کرنے والا ہے۔ ایک بین الاقوامی خلائی مشن، ایک بھارتی خلا نورد کو اگلے مہینے خلا میں لے کر جائے گا۔ خلا اور ایٹمی توانائی کے وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے اس کا اعلان ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے بعد کیا۔ یہ میٹنگ آئندہ مہینوں میں، بھارت کی خلائی تحقیق کی تنظیم اسرو کے مستقبل کے بڑے منصوبوں کا جائزہ لینے کے لیے منعقد کی گئی تھی۔

فضائیہ کے گروپ کیپٹن شُبھانشو شُکلا آئندہ Axiom خلائی مشن Ax-4 کے حصے کے طور پر خلا میں جائیں گے۔ ڈاکٹر سنگھ نے بتایا کہ یہ پہلا مشن ہے، جو کسی بھارتی شخص کو بین الاقوامی خلائی اسٹیشن لے کر جائے گا اور شُبھانشو شُکلا وہ پہلے بھارتی خلا نورد ہوں گے، جو 1984 کے بعد سے اب تک 4 دہائیوں سے بھی زیادہ عرصے کے بعد خلائی سفر کریں گے۔

1984 میں راکیش شرما Soviet Soyuz سیارچے کے ذریعے خلا میں گئے تھے۔×

IMD Weather

موسمیات کے محکمے IMD نے مغربی ہمالیائی خطّے میں بیشتر مقامات پر اور بھارت کے شمالی مغربی خطّے سے متصل میدانی علاقوں میں کل تک گرج چمک اور ہواؤں کے جھکڑ کے ساتھ اوسط بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ جموں و کشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان، مظفرآباد اور ہماچل پردیش میں آج کچھ مقامات پر شدید بارش کا امکان ہے۔ ان مقامات پر کل بھی اوسط بارش ہو سکتی ہے۔ پنجاب، ہریانہ اور اترپردیش میں بھی اسی طرح کی صورتحال برقرار رہنے کا امکان ہے، جبکہ آج راجستھان میں شدید سے شدید تر گرمی کی صورتحال جاری رہے گی، البتہ 20 اپریل سے اس میں راحت ملنے کا امکان ہے۔×

Rev. Asian U18 Athletics Championship

سعودی عرب کے شہر دمام میں جاری اٹھارہ سال کی عمر سے کم کے ایشین ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میں بھارت کے ہمانشو جاکھڑنے مردوں کے نیزہ پھینکنے کے مقابلے میں اب تک کا پہلا سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ انھوں نے 67 اعشاریہ پانچ سات میٹر کی دوری تک نیزہ پھینک کر یہ کامیابی حاصل کی۔

جاکھڑ کی اس تاریخی کامیابی کے ساتھ بھارت نے شاندار کارکردگی کیساتھ اس مہم کا اختتام کیا۔ بھارت نے اس چیمپین شپ میں سونے کا ایک، چاندی کے پانچ اور کانسے کے 5تمغوں سمیت کُل 11 تمغے جیتے۔

ِ IPLکرکٹ میں، کل رات بینگلورو کے ایم چنا سوامی اسٹیڈیم میں کھیلے گئے بارش سے متاثرہ 14 اوورس کے میچ میں پنجاب کنگس نے میزبان رائل چیلنجرس بینگلورو کو 5 وکٹ سے ہرایا۔ 14 اوورس میں جیت کے لیے مقررہ 96 رن کے نشانے کو پنجاب نے 11 گیند باقی رہتے ہوئے حاصل کرلیا۔

TIM Davidکو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا ہے انھوں نے 26 گیند میں 50 رن بنائے۔

آج سہ پہر ساڑھے تین بجے احمد آباد میں گجرات ٹائٹنس کا مقابلہ ڈیلی کیپٹلس سے اور شام ساڑھے سات بجے جے پور میں راجستھان رائلس کامقابلہ لکھنو سپرجائنٹس سے ہوگا۔

US Airstrike Yemen

حوثی باغیوں کے مطابق یمن کے Ras Isa میں واقع تیل بندرگاہ پر کیے گئے امریکی فضائی حملے میں کم سے کم 74 افراد ہلاک اور 171 زخمی ہوگئے۔

اِس سال 15 مارچ سے حوثیوں کے خلاف شروع کی گئی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی نئی فوجی کارروائیوں میں یہ اب تک کا سب سے تباہ کُن کارروائی ہے۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ news on air.com slash urdu: پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......مجیب

شکریہ - شبانہ

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا اور پرتاپ نے وزیراعظم نریندر مودی کی امریکی صنعت کار اور امریکی انتظامیہ کے انتظامی اصلاحات کے سربراہ الیون مسک سے ٹیلی فون پر بات چیت کی خبر کو اہمیت دی ہے۔ بات چیت کے دوران دونوں ممالک کے درمیان ٹکنالوجی اور اختراع کے شعبہ میں تعاون بڑھانے پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔

"بھگوت گیتا" کو یونیسکو میموری آف دی ورلڈ رجسٹر میں شامل کیے جانے کی خبر کو روزنامہ راشٹریہ سہارا نے پہلے صفحے پر جگہ دی ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے اس پر خوشی کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ ہر بھارتی کے لیے فخر کا لمحہ ہے۔

بھارت اور برطانیہ کا دفاعی تعلقات کو مضبوط بنانے کا عہد، اس خبر کو روزنامہ ہندوستان ایکسپریس اور پرتاپ نے خصوصی طورپر شائع کیا ہے۔

چھتیس گڑھ کے سکما میں 22 نکسلیوں کی خود سپردگی کی خبر کو روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے جلی سرخی کے ساتھ شائع کیا ہے۔

عیسائی برادری نے "گڈ فرائڈے" عقیدت و احترام کے ساتھ منایا۔ مختلف چرچوں میں خصوصی دعائیہ اجتماعات کا اہتمام کیا گیا۔ اس خبر کو روزنامہ انقلاب نے توجہ مرکوز کی ہے۔x

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت کی دفاعی برآمدات، 2030 تک 50 ہزار کروڑ روپے مالیت تک پہنچ جائیں گی۔

2-	الیکٹرانکس اور IT کے وزیر اشونی ویشنو نے بتایا ہے کہ الیکٹرانکس برآمدات پچھلے 10 سال میں 6 گُنا ہو کر، 3 لاکھ 25 ہزار کروڑ روپے کی سطح پر پہنچ گئی ہیں۔

3-	زراعت کے وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ خوراک، سب کے لیے یقینی بنانے کے عالمی مقاصد، اُس وقت حاصل نہیں ہوں گے، جب تک چھوٹے کسانوں کو تحفظ فراہم نہیں کیا جاتا۔

4-	امریکہ اور اٹلی نے، بھارت-مشرقِ وسطیٰ-یوروپ اقتصادی راہداری کو، اِس صدی کے سب سے بڑے اقتصادی رابطے کے پروجیکٹوں میں سے ایک قرار دیتے ہوئے، اِس کی تعریف کی ہے۔

5-	مشترکہ داخلہ امتحان Main کے دوسرے سیشن کے نتائج کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ 24 طلبا نے مکمل 100 نمبر حاصل کیے ہیں۔

6-	اور ہمانشو جاکھڑ نے سعودی عرب میں، نیزہ پھینکنے کے مقابلے میں 18 سال سے کم عمر کی ایشین ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میں، ملک کا اب تک کا پہلا سونے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔